10-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت قبائیلوں کی تعلیم ،روزگار اور معاشی ترقی کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

۲۔ریونت ریڈی نے کہا کہ مجوزہ فیوچر س سٹی سروس سیکٹر کیلئے مختص رہے گی اور یہ ماحولیاتی پائیداری آلودگی سے پاک اورنٹ زیرو امیشن کا ماڈل پیش کرے گی۔

۳۔فارمولا ای ریس کیس میں ایچ ایم ڈی اے کے سابق چیف انجینئر بی ایل این ریڈی آج اے سی بی کے سامنے پیش ہوئے۔

۴۔سوریہ پیٹ ضلع میں پیش آئے ایک دلخراش حادثہ میں 5 افراد کی موت ہوگئی جبکہ 16 افراد زخمی ہوئے ہیں۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ مجوزہ فیوچر س سٹی سروس سیکٹر کیلئے مختص رہے گی اور یہ ماحولیاتی پائیداری آلودگی سے پاک اورنٹ زیرو امیشن کا ماڈل پیش کرے گی۔ وزیراعلیٰ نے سی آئی آئی گرین بزنس سنٹر ہائی ٹیک سٹی میں آج سی آئی آئی نیشنل کونسل اجلاس کے دوران یہ بات کہی۔اس موقع پر اپنے خطاب میں وزیراعلیٰ نے تلنگانہ رائزنگ کو خوشحال اور جدت پسند ریاست کا نصب العین قرار دیا۔وزیراعلیٰ نے ٹرانسپورٹ رابطہ کو مزید مضبوط بنانے کے لئے 360 کلومیٹر طویل ریجنل رنگ روڈ تعمیر کرنے اور ریجنل رنگ ریلوے کے منصوبہ کا اعلان کیا۔ریونت ریڈی نے کہا کہ موسیٰ ندی کی تجدید سے 55 کلومیٹر تک صاف پانی کا بہاؤ ہوگا جس سے سال 2050ء تک حیدرآباد میں پانی کی ضروریات کی تکمیل ہو سکے گی۔ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کو قومی آفات سے محفوظ رکھنے اور ممکنہ سیلاب کے خطروں سے بچانے کی ضرورت پر زور دیا۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ تلنگانہ رابطہ کو مضبوط بنانے اور اختصادی ترقی کے لئے آندھرا پردیش میں واقع باندر پورٹ تک سڑک اور ریل رابطہ کے ساتھ ایک ڈرائی پورٹ قائم کرے گی۔

○○

مرکزی وزارتِ صحت نے تلنگانہ حکومت کے اشتراک سے غیر متعدی امراض پر دو روزہ قومی ورکشاپ منعقد کیا۔این ایس ڈی کلینکس کو مستحکم کرنے اور اسکریننگ پروگرام کو توسیع دینے کے لئے تلنگانہ اور تاملناڈو کے ماڈلس کا جائزہ لیا گیا۔محکمہ صحت وہ خاندانی بہبود کی سکریٹری ڈاکٹر کرسٹنا نے اپنے افتتاحی خطاب میں این سی ڈیز کے مینجمنٹ اور اسکریننگ کے لئے حکومت کے لائحہ عمل پر روشنی ڈالی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ این سی ڈیز کلینکس کے قیام اور ٹی ڈائیگناسٹک سنٹرس سے اسے مربوط کرنے کے بہتر نتائج سامنے آسکتے ہیں۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ورنگل کو میگا سٹی میں تبدیل کرنے کیلئے ویل ڈیزائن ایرپورٹ کی ضرورت پر زور دیا۔ورنگل مامنور ایرپورٹ کے لئے حصول اراضی اور دیگر منصوبوں پر منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ نے عالمی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لئے ایرپورٹ کی ترقی کو ترجیح دینے پر زور دیا۔

○○

ریاست بھر کی آشا ورکروں نے آج محبوب نگر ضلع میں جڑ چرلہ ایم ایل اے کیمپ آفس کے باہر احتجاج کیا۔ احتجاجی آشا ورکروں نے 18 ہزار روپے تنخواہ اور دیگر سہولیات کا مطالبہ کیا۔ سی آئی ٹی یو ڈسٹرکٹ اسسٹنٹ سکریٹری ٹی ستیہ کی قیادت میں یہ احتجاج کیا گیا۔ اس موقع پر مظاہرین نے حکومت سے اپنے انتخابی منشور میں کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے آشا ورکروں کے زیر التوأ مسائل کو حل کرنے کی مانگ کی۔ مظاہرین آشا ورکروں کو 50 لاکھ روپے کے انشورنس کوریج کا بھی مطالبہ کر رہے ہیں۔

○○

این سی سی کے ڈائرکٹر جنرل لیفٹننٹ جنرل گُربل پال سنگھ نے آج نئی دہلی میں آئیڈیا وانوویشن کے موضوع پر مقابلوں کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں گُربل پال نے کہا کہ یہ پلیٹ فارم نوجوان کیڈیٹس کو اپنے خیالات اور اختراع پسندی کو پیش کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ مختلف کیمپوں میں ماہرین کی خدمات حاصل کی گئی ہیں اور یہ موضوع این سی سی کے نصاب میں بھی شامل کیا گیا ہے۔

○○

سوریہ پیٹ ضلع میں ایک دلخراش حادثہ پیش آیا۔ اوڈیشہ سے آ رہی ایک مسافر بس نے سڑک کے کنارے کھڑی ہوئی ریت کی لاری کو ٹکر دے دی۔ سوریہ پیٹ کے آئیلا پورم میں ابتدائی ساعتوں میں یہ حادثہ پیش آیا۔ 5 افراد کی موقع پر ہی موت ہوگئی جبکہ 16 افراد شدید طور پر زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں کو مقامی دواخانہ لے جایا گیا۔ خانگی ٹرائیول کی بس میں اوڈیشہ اور چھتیس گڑھ کے ورکرس کو حیدرآباد منتقل کیا جا رہا تھا۔ بتایا جا رہا ہے کہ حیدرآباد۔ کھمم قومی شاہراہ پر کہرے کے سبب یہ حادثہ پیش آیا ہے۔ حادثہ کے وقت بس میں 32 مسافرین سوار تھے۔ پولیس نے راحت و بچاؤ سرگرمیوں میں حصہ لیا۔

○○

سائبر آباد پولیس نے سنکرانتی تہوار کے دوران اپنے آبائی مقامات پر جانے والے لوگوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے سفری منصوبہ کے بارے میں مقامی پولیس کو جانکاری دے۔ پولیس کی جانب سے جاری کردہ ایک اڈوائزری میں لوگوں کو مشورہ دیا گیا کہ وہ اپنے مکانات پر سنٹرل لاکنگ سسٹم کے علاوہ سیکورٹی الارم سسٹم اور سی ٹی وی کیمرے نصب کریں۔ کسی بھی طرح کی مدد کے لئے مقامی پولیس اسٹیشن یا 100 یا سائبر آباد پولیس کے کنٹرول روم 9490617100 اور واٹس ایپ نمبر 9490617444 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

○○

قبائلی تنظیموں نے وزیر اعلیٰ پر زور دیا کہ وہ قبائیلیوں کی تعلیم، روزگار کے مواقع اور معاشی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کریں۔ قبائیلیوں نے وزیر اعلیٰ سے قبائلی علاقوں میں سڑک ٹرانسپورٹ، زراعت اور پینے کے پانی کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کرنے کی درخواست کی۔ قبائلی نمائندوں نے وزیر اعلیٰ سے ITDAs کو مضبوط کرنے کی اپیل کی۔ وزیر اعلی اے ریونت ریڈی نے قبائلی گروپوں اور عوامی نمائندوں سے کہا کہ جب میں نے پی سی سی صدر کا عہدہ سنبھالا تو ہم نے اپنی پہلی میٹنگ اندراویلی میں کی تھی۔ ہم نے اندراویلی شہداء کے نشان کو میموریل پارک میں تبدیل کرنے اور شہداء کے اہل خانہ کو مکانات دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ ہم نے اقتدار میں آتے ہی اپنا وعدہ پورا کیا۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ ہم سیاسی طور پر بھی قبائلیوں کے ساتھ انصاف کر کے آگے بڑھ رہے ہیں۔ ہم قبائیلیوں کی تعلیم، روزگار اور معاشی ترقی کے لیے اقدامات کر رہے

ہیں۔عہدیداروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ کومرم بھیم کی برسی اور یوم پیدائش کو سرکاری تہوار کے طور پر منائیں۔ریونت ریڈی نے کہا کہ ہم فوری طور پر قبائلیوں کے لیے اسٹڈی سرکل اور بنیادی ڈھانچے کی سہولیات کی منظوری دے رہے ہیں۔قبائلیوں کی مادری زبان میں تعلیم کی فراہمی کے مسئلے کا مطالعہ کریں۔وزیراعلیٰ نے عہدیداروں کو بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے والے قبائلی طلباء کے زیرالتواء اوورسیز اسکالرشپس کو فوری جاری کرنے کی ہدایت کی۔

○○

فارمولا ای ریس کیس میں ایچ ایم ڈی اے کے سابق چیف انجینئر بی ایل این ریڈی، آج اے سی بی کے سامنے پیش ہوئے۔اے سی بی، ایچ ایم ڈی اے سے ایک غیر ملکی ادارہ کو فنڈس کی منتقلی کی جانچ کررہی ہے۔اس کیس میں بی ایل این ریڈی کو ملزم نمبر 3 بنایا گیا ہے۔اس کیس میں اے سی بی نے سابق وزیر کے ٹی راماراؤ اور سینئر آئی اے ایس آفسر اروند سے پہلے ہی پوچھ تاچھ کی ہے۔کے ٹی راماراؤ نے مبینہ طور پر کہا ہے کہ غیر ملکی ادارہ کو ان کی ہدایت پر ہی فنڈس منتقل کیے گئے۔

○○

بی جے پی نے گریجویٹ اور ٹیچر ایم ایل سی انتخابات کے لئے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔نظام آباد، عادل آباد، کریم نگر، میدک گریجویٹ ایم ایل سی امیدوار کے لئے انجی ریڈی کے نام کا اعلان کیا گیا ہے۔نظام آباد، عادل آباد، کریم نگر، میدک ٹیچرس ایم ایل سی امیدوار ایم کوماریا، ورنگل، کھمم، نلگنڈہ ٹیچرس کوٹہ سے ایم ایل سی امیدوار سروتم ریڈی ہوں گے۔بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا نے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا۔موجودہ ایم ایل سیز جیون ریڈی، رگھوتم ریڈی اور نرسی ریڈی کی میعاد اسی سال مارچ میں ختم ہورہی ہے۔

○○

حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ اسٹ پروٹیکشن ایجنسی (ہائیڈرا) نے آج رنگاریڈی ضلع کے منی کونڈہ نیک نام پور میں غیر مجاز تعمیرات کو منہدم کیا۔ ایجنسی نے زیر تعمیر لیک ویو ویلاس کو منہدم کردیا۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سکریٹریٹ حیدرآباد میں کلکٹرس کانفرنس کی صدارت کررہے ہیں۔کہا جارہا ہے کہ اس دوران مختلف فلاحی اسکیموں کے نفاذ کا لائحہ عمل طئے کیا جائے گا۔رعیّتو بھروسہ، نئے راشن کارڈس کی اجرائی، اندراماں امکنہ کے استفادہ کنندوں کے ناموں کو قطعیت دی جاسکتی ہے۔

○○